# 19-04-2024 FRIDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں :

☆لوک سبھا انتخابات کے پہلے مرحلہ کی پولنگ سترہ ریاستوں اور چار یونین ٹریٹریز میں پرامن طریقہ سے جاری ہے۔102 لوک سبھا سیٹوں پر رائے دہی ہورہی ہے۔

☆ ریاستی بی جے پی صدر اوراے آئی ایم آئی کے صدر اسدالدین اویسی سمیت کئی امیدواروں نے آج اپنے کاغذات نامزدگی داخل کئے۔

☆وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے بی آر ایس کوانتباہ دیا ہے کہ وہ کانگریس کے ارکان اسمبلی کوخریدنے کی کوششوں سے باز رہیں اوراپنے ارکان اسمبلی کووفاداریاں بدلنے سے روکیں۔

☆ ریاست کے مختلف اضلاع کریم نگر، پداپلی، جئےشنکر بھوپال پلی،ملوگو، بھدرادری کتہ گوڑم،نلگنڈہ اورسوریاپیٹ میں آئندہ چوبیس گھنٹوں کے دوران گرمی کی شدید لہر برقراررہ سکتی ہے۔

☆☆☆☆☆

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے بی آر ایس صدروسابق وزیراعلیٰ چندرشیکھرراوٗ کوانتباہ دیا ہے کہ وہ کانگریس کے ارکان اسمبلی کوخریدنے کی کوششوں سے باز رہیں۔ریونت ریڈی نے انہیں مشورہ دیا کہ وہ اپنے پارٹی ارکان اسمبلی کووفاداری بدلنے سے روکناہےتو روکیں۔ریونت ریڈی چندرشیکھرراوٗ کے اس دعویٰ پراپناردعمل ظاہر کررہے تھےجس میں کے سی آر نے کہا تھا کہ کانگریس کے بیس ارکان اسمبلی ان سے رابطہ میں ہیں۔ریونت ریڈی نے کہا کہ کانگریس ارکان اسمبلی کوخریدنے کی کسی بھی کوشش کے سنگین نتائج سامنے آئیں گے۔ریونت ریڈی نے آج محبوب نگر میں انتخابی مہم کے دوران یہ بات کہی۔وزیراعلیٰ کے ہمراہ کانگریس محبوب نگرلوک سبھا حلقہ کے امیدوار ومشی چندرریڈی موجود تھے۔ومشی چندرریڈی نے آج اپناپرچہ نامزدگی داخل کیا۔وزیراعلیٰ نے پالمورورنگاریڈی لفٹ اریگیشن اسکیم،کلواکرتی لیفٹ اریگیشن اوردیگر پراجکٹوں کی عدم تکمیل پرسابق بی آر ایس حکومت کوشدید تنقید کانشانہ بنایا۔انہوں نے کہا کہ کانگریس حکومت نے ہی پالمورو یونیورسٹی کومنظوری دلائی تھی۔

☆☆☆☆☆

وزیردفاع وبی جے پی کے سینئرلیڈرراج ناتھ سنگھ نے دعویٰ کیا کہ گزشتہ دس سالوں کے دوران بی جے پی حکومت بدعنوانی سے محفوظ رہی۔محبوب کالج سکندرآباد میں ایک عوامی جلسہ سے خطاب کرتے ہوئے راج ناتھ سنگھ نے مودی حکومت کی حصولیابیوں کا ذکرکیا۔اس موقع پربی جے پی کے ریاستی صدر جی کشن ریڈی نے اپنا پرچہ نامزدگی داخل کیا۔راج ناتھ سنگھ نے کشن ریڈی کی قیادت میں سکندرآباد حلقہ میں ہوئے ترقیاتی کاموں کی ستائش کی۔راج ناتھ سنگھ نے اس امید کااظہار کیا کہ سال 2047 تک ہندوستان تیسری سب سے بڑی معیشت بن جائے گا۔اس موقع پرراج ناتھ سنگھ نے کشن ریڈی کی سراہنا کی اور کہا کہ وہ ذات پات اور مذہبی تفریق کے بغیرانسانوں کی خدمت کرتے ہیں۔

☆☆☆☆☆

ریاستی بی جے پی صدر اوراے آئی ایم آئی کے صدر اسدالدین اویسی سمیت کئی امیدواروں نے آج اپنے کاغذات نامزدگی داخل کئے۔ریاست میں چوتھے مرحلہ کے تحت تیرہ مئی کو پولنگ ہوگی۔کشن ریڈی کے سکندرآباد حلقہ میں پرچہ نامزدگی داخل سے قبل راج ناتھ سنگھ نے ایک ریالی سے خطاب کیا۔اسدالدین اویسی نے مکہ مسجد چارمینار میں نماز جمعہ ادا کی جس کے بعد انہوں نے اپنے حامیوں کے ساتھ پرچہ نامزدگی داخل کیا۔حیدرآباد سیٹ پراسداویسی کے مقابلے بی جے پی کی امیدوار مادھوی لتا ہے۔نظام آباد سے بی جے پی امیدوار دھرما پوری اروند اور بی آر ایس امیدوار بی گوردھن نے بھی اپنا پرچہ نامزدگی داخل کردیا۔

☆☆☆☆☆

ریاست کے مختلف اضلاع کریم نگر، پدا پلی، جئے شنکر بھو پال پلی، ملوگو، بھدرادری کتہ گوڑم، نلگنڈہ اورسوریا پیٹ میں آئندہ چوبیس گھنٹوں کے دوران گرمی کی شدیدلہر برقراررہ سکتی ہے۔محکمہ موسمیات کے مطابق گزشتہ چوبیس گھنٹوں کے دوران اضلاع نظام آباد، جگتیال، نلگنڈہ، سوریا پیٹ، یادادری بھوانگری، رنگاریڈی، سنگاریڈی، میدک، کاماریڈی اور ناگرکرنول کے بعض مقامات پر تیز ہواؤں اورگرج چمک کے ساتھ بارش ہوئی۔تلنگانہ ڈیولپمنٹ پلاننگ سوسائٹی کی رپورٹ کے مطابق جگتیال، منچریال، ملگ، نلگنڈہ، ونپرتی اور ورنگل میں بھی گرمی کی لہر برقرار ہے۔گزشتہ چوبیس گھنٹوں کے دوران ریاست کے ایک یادومقام پر بارش ہوئی۔بھدراچلم میں کل اعظم ترین درجہ حرارت 43.4ڈگری سلیس ریکارڈ کیا گیا تھا۔

☆☆☆☆☆

ساوتھ سنٹرل ریلوے نے ایک اورسنگ میل حاصل کیا ہے۔SCR نے مالیاتی سال 2023-24 کے دوران اپنے نیٹ ورک کے 649 کیلومیٹرٹریاک پر رینول کا عمل مکمل کیا۔گزشتہ سال چارسواڑتالیس کیلومیٹر پر ہی یہ کام مکمل ہوسکا تھا۔اڈوانس مشنری کواستعمال کرتے ہوئے ریلوےٹریاکس کے رینول کا کام انجام دیا جاتا ہے۔ایس سی آر کے جنرل منیجرارون کمارجین نے کہا کہ تمام متعلقہ محکموں کے آپسی اشتراک اورمنصوبہ بندی کے ذریعہ یہ کام انجام دیا گیا۔انہوں نے اس اہم حصول یابی کیلئے انجینئرنگ ٹیم کومبارک باددی۔

☆☆☆☆☆

وائس چیف آف نیول اسٹاف وائس ایڈمرل دنیش کے ترپاٹھی کوہندوستانی بحریہ کا سربراہ مقرر کیا گیا ہے۔وہ ایڈمرل آرہری کمار کی جگہ لیں گے۔ایڈمرل آرہری کمار اس مہینہ کی 30 کواپنے عہدہ سے سبکدوش ہورہے ہیں۔وائس چیف آف نیول اسٹاف کے عہدہ پر فائز ہونے سے قبل ترپاٹھی نے ویسٹرن نیول کمانڈ میں فلیگ آفیسر کمانڈنگ انچیف کا عہدہ سنبھالا تھا۔انہیں ہندوستانی بحریہ کے جہاز وناش، کرچ اور ترشول میں خدمات انجام دینے کا بھی موقع ملا۔وائس ایڈمرل ترپاٹھی کوان کی نمایاں خدمات کیلئے آتی وشیشٹ سیوامیڈل اورنوسینامیڈل سے بھی سرفراز کیا گیا۔

☆☆☆☆☆

سنگاریڈی ضلع کے قریب آؤٹررنگ روڈ کے کلوروا یگزٹ پرایک سڑک حادثہ پیش آیا۔دوکاروں کی آپس میں ٹکر ہوگئی۔اس حادثہ میں ایک ہی خاندان کے دوافراد کی موت ہوگئی جبکہ دیگر چارزخمی ہوئے ہیں۔حادثہ کا شکار ہوئے افراد کاتعلق حیدرآباد کے پرانے شہر سے ہےاوروہ کرناٹک جارہے تھے۔کولوروپولیس نے اس ضمن میں ایک کیس درج کرلیاہےاورمعاملہ کی تفتیش کررہی ہے۔

☆☆☆☆☆

لوک سبھاانتخابات کے پہلے مرحلہ کی پولنگ سترہ ریاستوں اور چار یونین ٹریٹریز میں پرامن طریقہ سے جاری ہے۔102لوک سبھاسیٹوں پررائے دہی ہورہی ہے۔صبح سات بجے سے ووٹنگ کا آغاز ہوااور یہ بیشترعلاقوں میں شام چھ بجے تک جاری رہے گی۔شمال مشرقی ریاستوں اور پہاڑی ریاستوں میں شام چاراور پانچ بجے ووٹنگ کاعمل مکمل ہوگیا۔پہلے مرحلہ کےتحت 1625امیدواروں نے اپنی قسمت آزمائی۔

☆☆☆☆☆

کشن ریڈی نے اپناپرچہ نامزدگی داخل کرنے کے بعدمیڈیا سے بات کرتے ہوئے کہا کہ کانگریس کولوگوں سے ووٹ مانگنے کاحق حاصل نہیں ہےاس نے سودنوں کے اندراپنے وعدے پورے نہیں کئے ہیں۔کشن ریڈی نے کہا کہ کانگریس پارٹی ریاست کےعوام کی امنگوں پر پوری نہیں اتری ہے۔انہوں نے لوگوں سے کہا کہ وہ کانگریس اور بی آرایس کومسترد کریں اور بی جے پی کی حمایت کریں۔اس موقع پرکشن ریڈی نے اس امید کا اظہار کیا کہ تلنگانہ میں بی جے پی زیادہ سے زیادہ سیٹیں حاصل کرے گی۔

☆☆☆☆☆

ریاستی محکمہ صحت نے لوگوں سے کہا کہ وہ شدید گرمی کی لہر کے دوران احتیاطی تدابیر اختیار کریں ۔ ریاست میں درجہ حرارت میں مسلسل اضافہ اور موسم خشک رہنے کے تناظر میں محکمہ صحت نے لوگوں کو خاص طور پر بزرگوں اور بچوں کو گھروں پر رہنے کا مشورہ دیا ہے۔ محکمہ صحت نے لوگوں کو احتیاطی تدابیر پر عمل کرنے اور زیادہ سے زیادہ پانی پینے کا بھی مشورہ دیا۔ محکمہ صحت نے بچوں، حاملہ خواتین اور دیگر بیماریوں میں مبتلا افراد کو اضافی احتیاطی تدابیر اختیار کرنے کا مشورہ دیا۔

☆☆☆☆☆

راجندر نگر حلقہ سے بی آر ایس کے رکن اسمبلی پرکاش گوڑ نے آج وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی سے ملاقات کی ۔ پرکاش گوڑ ایک یا دو دن کے اندر اپنے حامیوں کے ساتھ کانگریس میں شامل ہو سکتے ہیں ۔ پرکاش گوڑ مسلسل چوتھی مرتبہ راجندر نگر سے رکن اسمبلی منتخب ہوئے ہیں ۔

☆☆☆☆☆